# کیسا قیامة خیز منظر زینب نے دیکھا

کیسا قیامة خیز منظر زینب نے دیکھا
سر بھائي کا زیرے خنجر زینب نے دیکھا

عون محمد اکبر و اصغر اور بھائي عبّاس
مارے گئے دوپہر میں سارے کوئي نھیں ھے پاس
تنھا ھے زھراء کا دلبر زینب نے دیکھا

خیمے سے شبّیر جو نِکلے پڑھ کے سلام آخر
زینب نے شه کے گھوڑے کي تھامي لگام آ کر
مقتل میں جاتے ھے سرور زینب نے دیکھا

ٹیکڑي سے زینب نے نظر کي جب سوئے میدان
دیکھا بیٹھے ھیں زخمو سے چور شه ذي شان
مارتے ھیں سب تیر اور پتّھر زینب نے دیکھا

مؤمنو اِك لمحے کو سوچو کيسي وه ساعة تھي
پَسلِياں ٹوٹ گئي مولیٰ کي کيسي قيامة تھي
شمر نے جب تھي ماري ٹھوکر زينب نے ديکھا

شه نے کہا اے ظالم بس اِك گھونٹ پلا پاني
ھائے مگر شبّير کي اُسنے بات نھيں ماني
خشك گلے پر پھيرا خنجر زينب نے ديکھا

روح محمد کي يثرِب ميں ھائے تڑپتي تھي
کند چُھوري کے وار سے کتني اِذاء ھوتي تھي
چومتے تھے يه حلق پيمبر زينب نے ديکھا

شمر اوٹھا سينے سے شه کے شه نے کيا سجدة
اُمّة کي بخشِش کي خاطر آخري تھا سجدة
تن سے کيا ظالم نے جُدا سر زينب نے ديکھا

زينب نے يه ظُلم بھي ديکھا ديدائے مضطر سے
کتني تھي ظالم کو عداوة سبطِ پيمبر سے
روندھتے تھے لاشے کو لشکر زينب نے ديکھا

بولي بهن اے بھیّا میرے سر پہ نهیں چادر
لاکے کهاں سے دوں میں کفن اے ماں جائے دلبر
جِسم کهیں هیں سرهیں کهیں پر زینب نے دیکها

غم کا بیاں بُرهانِ هدٰی شه جب فرماتے هیں
عاشورا کے روز جو مولیٰ سجدة بجاتے هیں
یاد آتا هیں جب وه منظر زینب نے دیکها

کیسے عزاداره آه سُنائے کیسا هوؤا آزار
کربو بلا هو کوفه هویا شام کا هو بازار
هر منزل پر بس اِک محشر زینب نے دیکها

*****